Calgary

# آپ کا 2024 کا پراپرٹی ٹیکس



**28 جون، 2024 تک ادائیگی واجب الادا ہے**
یا ماہانہ ادائیگی کے لیے TIPP میں شامل ہوں۔

**calgary.ca/propertytax**

24-0036488 ADV-25999

# ادائیگی کیسے کرنی ہے

## ادائیگی کے آپشنز

**مالیاتی ادارے**

ادائیگی (ادائیگیاں)) ٹیلی فون اور آن لائن بینکنگ کے ذریعے، یا آپ کے بینک یا مالیاتی ادارے میں شخصی طور پر موجود ہو کر (ان پرسن) کی جا سکتی ہیں۔

**ڈاک (میل)**

درج ذیل پر اپنی ادائیگی بھیجیں (نقدی نہیں): دی سٹی آف کیلگری (The City of Calgary) P.O. Box 2405 STN M, Calgary, AB T2P 3L9.

چیک کو دی سٹی آف کیلگری (The City of Calgary) کے نام پر قابل ادائیگی بنائیں۔

**دی سٹی آف کیلگری (The City of Calgary) کو پراپرٹی ٹیکس ادا کرنے کے لیے کریڈٹ کارڈ کی ادائیگیوں کا براہ راست استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**

**شخصی طور پر موجود ہو کر (ان پرسن)**

نقد، چیک یا انٹراک ڈیبٹ (Interac Debit) کے ذریعے ادائیگی درج ذیل جگہوں پرکی جا سکتی ہے: سٹی کیشیئرز تیسری منزل، Calgary Municipal Building, 800 Macleod Trail S.E. پیر تا جمعہ، صبح 8 بجے سے شام 4:30 بجے تک

**قسطی طور پر ٹیکس کی ادائیگی کا منصوبہ (TIPP)**

اپنے ٹیکس کی کل رقم ماہانہ اقساط میں ادا کرنے اور جرمانے سے بچنے کے لیے ادائیگی کی مقررہ تاریخ سے پہلے سائن اپ کریں۔ TIPP ہر سال خود بخود تجدید ہوتی ہے اور اس میں شامل ہونا مفت ہے۔ کوئی فائلنگ فیس یا ابتدائی ادائیگیاں نہیں ہیں۔ سائن اپ کا نیا، آسان، محفوظ طریقہ۔ مزید جاننے کے لیے *calgary.ca/TIPP* ملاحظہ کریں۔

## آپ کی ادائیگی کے لیے مددگار اشارے

**پراپرٹی ٹیکس کی ادائیگی کی آخری تاریخ 28 جون، 2024 ہے۔**

- آپ کا اکاؤنٹ نمبر 9 ہندسوں کا رول نمبر ہے جو آپ کے ٹیکس بل اور اسسمنٹ نوٹس پر درج ہے۔
- کسی مالیاتی ادارے کے ذریعے اپنی ادائیگی کرتے وقت بطور وصول کنندہ "کیلگری (سٹی آف) پراپرٹی ٹیکس" ("Calgary (City of) Property Tax") یا کیلگری پراپرٹی ٹیکش ("Calgary Property Tax") کو منتخب کریں۔
- اپنے چیکس کو دی سٹی آف کیلگری (The City of Calgary) کے نام پر قابل ادائیگی بنائیں۔ جرمانے سے بچنے کے لیے مقررہ تاریخ سے پہلے اپنا چیک بھیج دیں۔
- مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی ڈاک کی ادائیگی کی مؤثر تاریخ کینیڈا پوسٹ کی پوسٹ مارک کی تاریخ ہوگی۔ اگر کینیڈا پوسٹ کی پوسٹ مارک غیر حاضر یا بد خط (illegible) ہے، تو ادائیگی کی مؤثر تاریخ موصول ہونے کی تاریخ ہوگی اور جرمانے لاگو ہوں گے۔
- اگر آپ حال ہی میں منتقل ہوئی / ہوئے ہیں، تو یقینی بنائیں کہ آپ صحیح رول نمبر استعمال کریں اور / یا اپنی بینکنگ کی معلومات کو اپ ڈیٹ کریں۔
- کنڈومینیم پراپرٹی کے مالکان کے لیے، پارکنگ اسٹالز اور اسٹوریج یونٹس کا الگ سے اندازہ اور ٹیکس لگایا جا سکتا ہے۔ ہر رول نمبر کو انفرادی طور پر ادا کرنا یقینی بنائیں۔

## اہم معلومات

**میں نے ایک رسمی تشخیص کی شکایت درج کرائی ہے۔ کیا مجھے پھر بھی اپنے بل میں دکھائی گئی پراپرٹی ٹیکس کی رقم ادا کرنی ہے؟**

اگر آپ نے اپنی جائیداد کی تشخیص کے خلاف شکایت درج کرائی ہے تو آپ کو جرمانے سے بچنے کے لیے مقررہ تاریخ تک ٹیکس بیلنس ادا کرنا ہوگا۔ اگر آپ کی شکایت پر فیصلے کے نتیجے میں ٹیکس کی رقم کم ہوتی ہے تو سٹی (City) آپ کے اکاؤنٹ میں کریڈٹ کر دے گا۔

**میں اپنا ڈاک کا پتہ (میلنگ ایڈریس) کیسے تبدیل کر سکتی / سکتا ہوں؟**

**البرٹا لینڈ ٹائٹلز (Alberta Land Titles):** اپنے اسسمنٹ نوٹس یا ٹیکس بل پر اپنا میلنگ ایڈریس، قانونی نام، یا املا کی درستگیوں کو تبدیل کرنے کے لیے alberta.ca/land-titles پر جائیں۔

**دی سٹی (The City):** اگر آپ TIPP کے شریک ہیں یا آپ کی ایسی جائیداد ہے جس کا تعلق زمین سے نہیں ہے (مثلاً، تیار شدہ مکانات، کرایہ دار، لکیری (linear)، وغیرہ) 311 پر رابطہ کر کے اپنی معلومات کو اپ ڈیٹ کریں۔

**میں نے حال ہی میں بیچی ہوئی پراپرٹی کا ٹیکس بل وصول کیا ہے، کیا مجھے اسے ادا کرنے کی ضرورت ہے؟**

ادائیگی کی مقررہ تاریخ سے پہلے اپنی ادائیگی کی ذمہ داریوں پر بات کرنے کے لیے براہ کرم اپنے قانونی نمائندے سے رابطہ کریں۔

**میں اپنا پراپرٹی ٹیکس اپنی مارٹ گیج کمپنی (mortgage company) کے ذریعے ادا کرتی / کرتا ہوں، مجھے بل کیوں موصول ہوا؟**

یہ بل آپ کے ریکارڈ کے لیے ہے۔ آپ کے پراپرٹی ٹیکس کے لیے جس کمپنی کی انوائس کی جا رہی ہے اس کا نام آپ کے بل پر ظاہر ہوتا ہے۔ آپ کے رہن کی ادائیگی میں اصل، سود، اور ٹیکس (PIT) شامل ہیں۔ کمپنی آپ کے ٹیکس کے لیے ایک رسید وصول کرے گی۔ اگر آپ کے بل پر رہن رکھنے والی کمپنی اب ذمہ دار نہیں ہے، تو آپ جرمانے سے بچنے کے لیے مقررہ تاریخ تک ٹیکس ادا کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ PIT ادائیگیوں سے متعلق کوئی سوال، اپنے رہن رکھنے والے سے رابطہ کریں۔

## پہلے سے ہی TIPP میں شریک ہیں؟

آپ کی ماہانہ TIPP قسط کی رقم کو موجودہ سال کے ٹیکس کی عکاسی کرنے کے لیے ایڈجسٹ کر دیا گیا ہے۔ نئی ماہانہ قسط کی رقم آپ کے بل میں درج ہے۔ یہ ایڈجسٹمنٹ (اضافہ یا کمی) اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہے کہ آپ اپنے کل ٹیکس بیلنس سے زیادہ یا کم ادائیگی نہ کریں۔

*اگلی ادائیگی کی واپسی(withdrawal) سے پہلے، اپنے TIPP اکاؤنٹ میں تبدیلیاں کرنے کے لیے، برائے مہربانی مہینے کی 22 تاریخ تک calgary.ca/TIPP پر جائیں۔*

## جرمانے

اگر مقررہ تاریخ تک مکمل ادائیگی موصول نہیں ہوتی ہے یا آپ TIPP پر اندراج نہیں کرائے جاتی/ جاتے ہیں، تو آپ کا اکاؤنٹ سٹی آف کیلگری کے پینلٹی بائی لا City's Penalty Bylaw (8M2002) کے درج ذیل جرمانے کے ساتھ مشروط ہوگا:

- 1 جولائی اور 1 اکتوبر کو: غیر ادا شدہ موجودہ سال کے ٹیکس کا 7 فیصد۔
- 1 جنوری سے شروع کرکے، ہر مہینے کے پہلے دن،: ٹیکس کے بقایا جات کا 1فیصد۔

**کلیئر نہ ہونے والی ادائیگیاں اور سروس چارجز**

- آپ کے مالیاتی ادارے کی طرف سے کلیئر نہ کی گئی ادائیگیوں (مثلاً، ناکافی رقوم، بند بینک اکاؤنٹس، ادائیگی کی تفصیلات کی غلطیاں، مسترد شدہ ادائیگیاں وغیرہ) کا نتیجہ کسی بھی قابل اطلاق جرمانے کے علاوہ 35 ڈالر کا سروس چارج ہو سکتا ہے۔ متعدد رول نمبرز کے لیے، ہر رول نمبر پر 10 ڈالر کا اضافی سروس چارج لاگو کیا جا سکتا ہے۔
- اگر ادائیگی غلط اکاؤنٹ میں کی گئی ہے یا متعدد اکاؤنٹس کے لیے بنائی گئی تھی تو، کسی بھی تصحیح / منتقلی کے لیے 25 ڈالرسروس چارج لاگو ہو سکتا ہے۔

## مزید معلومات کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔

ادائیگی کی رسید کی درخواست کرنے کے لیے 311 پر رابطہ کریں۔

**فون**
311 اگر کیلگری سے باہر ہوں تو، 403-268-2489 پر کال کریں)

**قوت سماعت سے محروم**
711 پر کال کریں اور 311 کی درخواست کریں (اگر کیلگری سے باہر ہوں تو، 403-268-2489 پر کال کریں)

**شخصی طور پر موجود ہو کر (ان پرسن) / سٹی کیشیئرز تیسری منزل، کیلگری میونسپل بلڈنگ (3rd floor, Calgary Municipal Building)**
800 Macleod Trail S.E.
پیر سے جمعہ، صبح 8 بجے سے شام 4:30 بجے تک

**calgary.ca/propertytax پر ہم سے ملیں**

آپ کا پراپرٹی ٹیکس سٹی (City) اور صوبائی حصوں پر مشتمل ہے۔ کیلگری کورہائش کی ایک بہترین جگہ بنانے میں، سٹی پراپرٹی ٹیکس آپ کی سرمایہ کاری ہے۔ کیلگیرینز کو روزانہ کے طور پر جن خدمات کی ضرورت ہے اور جن خدمات کی وہ قدر کرتے ہیں، آپ کے ٹیکس کے ڈالرز ان خدمات کی فراہمی میں معاونت کرتے ہیں۔ صوبائی حصہ، رہائشی ٹیکس کا تقریباً 35 فیصد، حکومت البرٹا کو منتقل کیا جاتا ہے۔

## سٹی پراپرٹی ٹیکس (City property tax)


سٹی پراپرٹی ٹیکس (City property tax) کی درکار رقم کا تعین کرنے کے لیے، ہر سال کونسل سٹی سروسز (City services) کو سپورٹ کرنے کے لیے سالانہ بجٹ منظور کرتی ہے۔ اس سے، سٹی (City) مجموعی اخراجات اٹھاتا ہے اور محصول کے دیگر تمام ذرائع جیسے لائسنس کی فیس، اجازت نامے، صارف کی فیس اور صوبائی گرانٹس کو گھٹا دیتا ہے۔ بیلنس (balance) وہ رقم ہے جسے سٹی پراپرٹی ٹیکس (City property tax) کے ذریعے اکٹھا کیا جاتا ہے۔

**سٹی پراپرٹی ٹیکس (City property tax) کا حساب لگانا**

سٹی (City) اور صوبائی ٹیکس کی شرحیں ہر اسسمنٹ کلاس (رہائشی، غیر رہائشی اور فارم لینڈ (Farmland) کے لیے قائم کی گئی ہیں۔ یہ شرحیں ٹیکس کی رقم کی عکاسی کرتی ہیں جو ہر 1 ڈالرکی قیمت کے لیے ادا کی جائے گی۔ آپ کی جائیداد کی تشخیص کا استعمال سٹی (City) اور گورنمنٹ آف البرٹا (Government of Alberta) کی جمع کردہ کل آمدنی کے آپ کے حصے کا حساب لگانے کے لیے کیا جاتا ہے۔ آپ کی جائیداد کا اندازہ 1 جولائی، 2023 کو آپ کی پراپرٹی کی مارکیٹ ویلیو پر مبنی ہوتا ہے۔

سٹی پراپرٹی ٹیکس کی شرح کا تعین کرنے کے لیے استعمال ہونے والا فارمولادرج ذیل ہے:

**سٹی ٹیکس کی شرح** = **پراپرٹی ٹیکس سے دی سٹی آف کیلگری کو مطلوبہ کل محصول** / **کل تشخیص**




## صوبائی پراپرٹی ٹیکس

حکومت البرٹا ایک بجٹ قائم کرتی ہے اور پراپرٹی ٹیکس سے درکار آمدنی کی بنیاد پر ٹیکس کی شرح مقرر کرتی ہے۔ کیلگری ٹیکس دہندگان کا حصہ آپ کی جائیداد کی تشخیصی قیمت اور صوبہ کی سیٹ کی ہو ئی پراپرٹی ٹیکس کی شرح پر مبنی ہے۔ *مزید جاننے کے لیے alberta.ca ملاحظہ کریں*

**صوبائی پراپرٹی ٹیکس کی شرح کا حساب لگانا**

البرٹا کا صوبہ پراپرٹی ٹیکس سے درکار آمدنی کی بنیاد پر ٹیکس کی شرح قائم کرتا ہے۔

صوبائی ٹیکس کی شرح کا تعین کرنے کے لیے استعمال ہونے والا فارمولا

**صوبائی ٹیکس کی شرح** = **پراپرٹی ٹیکس سے حکومت البرٹا کو درکار کل آمدنی** / **کل تشخیص**

**آپ کا 2024 کا پراپرٹی ٹیکس**

آپ کے پراپرٹی ٹیکس کا حساب ان ٹیکس کی شرحوں سے آپ کی جائیداد کی تخمینہ شدہ قیمت کو ضرب دے کر لگایا جاتا ہے۔

*calgary.ca/propertytax پر مزید جانیں*

آپ کے پراپرٹی ٹیکس کے بل کا تعین کرنے کے لیے استعمال ہونے والا فارمولا:

**پراپرٹی ٹیکس کا بل** = **(تشخیص X سٹی ٹیکس کی شرح) + (تشخیص X صوبائی ٹیکس کی شرح*)**

* سٹی آف کیلگری حکومت البرٹا کے لیے اس ٹیکس کی رقم کو بل کرتا ہے اور جمع کرتا ہے

## لیویز (Levies) اور دیگر پراپرٹی ٹیکس کے بل

آپ کے پراپرٹی ٹیکس کے بل میں درج ذیل آئٹمز کے بارے میں مخصوص معلومات ہو سکتی ہیں۔ آپ کو جو جاننے کی ضرورت ہے، وہ درج ذیل ہے۔

**لوکل امپروومنٹ لیوی (Local Improvement Levy)**

مقامی بہتریوں میں نئے یا متبادل تعمیراتی منصوبے شامل ہیں، جیسے گلی / لین ہموارکرنا، ڈرائیو وے کراسنگز، فٹ پاتھ کی تبدیلی کرنا، کرب / گٹر کی تبدیلی کرنا، صاف توانائی کی بہتری کا پروگرام (CEIP)، اورمزید بہت کچھ ۔ لیوی (levy) میں فنانسنگ (financing) کی لاگت بھی شامل ہے لیکن مزید سود کے چارجز سے بچنے کے لیے امورٹائزیشن (amortization) کی مدت کے دوران کسی بھی سال سٹی (City) کو ادا کیا جا سکتا ہے۔ *مزید معلومات کے لیے calgary.ca/localimprovements ملاحظہ کریں*

**کمیونٹی ریویٹالائزیشن لیوی(سی ار ایل) پروگرام (Community Revitalization Levy(CRL)**

ریورز ڈسٹرکٹ (Rivers District) کے اندر پراپرٹیز کی "بیس لائن اسیسمنٹ" ("Baseline Assessment") اور "اضافہ شدہ اسیسمنٹ" ("Incremental Assessment") ویلیو ہوتی ہے۔ "بیس لائن اسیسمنٹ" ("Baseline Assessment") جائیداد کی 2007 کی تشخیص شدہ قیمت ہے۔ یہ قیمت بدستور برقراررہتی ہے اور شہر اور صوبائی پراپرٹی ٹیکس کی شرحوں کے ساتھ مشروط ہے جس کے مطابق شہر اور صوبے میں محصولات تقسیم کیے گئے ہیں۔ مارکیٹ ویلیو اسیسمنٹ کی تبدیلیوں کی بنیاد پر "بیس لائن اسیسمنٹ" ("Baseline Assessment") سے اوپر جائیداد کی تشخیص شدہ قیمت میں کوئی بھی اضافہ، "اضافہ شدہ تشخیص" ("Incremental Assessment") ہے۔ یہ قیمت ٹیکس کی کل شرح کے ساتھ مشروط ہے اور ریونیو ریورز ڈسٹرکٹ (Rivers District) کے اندر انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے جمع کیا جاتا ہے۔ *کمیونٹی ریوائٹلائزیشن لیوی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں calgary.ca/propertytax*

**ضمنی ٹیکس کا بل**

اگر کیلنڈر سال کے دوران ایک نئی عمارت یا موجودہ عمارت میں اضافہ مکمل ہو جاتا ہے، تو سال کے آخر تک ایک ضمنی ٹیکس کا بل جاری کر دیا جائے گا۔ ضمنی ٹیکس کا بل سال کے دوران عمارت مکمل ہونے یا اس پر رہائش پذیری کے مہینوں کی تعداد کو ظاہر کرے گا۔ جرمانے سے بچنے کے لیے، سپلیمنٹری ٹیکس کے بلز کو بل پر ظاہر کردہ مقررہ تاریخ تک ادا کرنا چاہیے۔ اگر آپ ٹیکس کی قسط ادائیگی کے منصوبے (TIPP) میں حصہ لیتی / لیتے ہیں، تو آپ کا ضمنی ٹیکس کا بل ایڈجسٹ شدہ ماہانہ ادائیگی دکھائے گا۔

## پراپرٹی ٹیکس امدادی پروگرامز

مالی مشکلات کا سامنا کرنے والے رہائشی املاک کے مالکان کی مدد کے لیے پراپرٹی ٹیکس امدادی پروگرامز دستیاب ہیں۔

**حکومت البرٹا کا سینئرز پراپرٹی ٹیکس ڈیفرل پروگرام Government of Alberta) (Seniors Property Tax Deferral Program**

سینئرز پراپرٹی ٹیکس ڈیفرل پروگرام Government of Alberta) اہل بزرگ (Seniors Property Tax Deferral Program گھروں کے مالکان کو البرٹا حکومت کے ساتھ ہوم ایکوئٹی لون (home equity loan) کے ذریعے اپنے پراپرٹی ٹیکس کا تمام یا کچھ حصہ موخر کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ *پروگرام کی معلومات، بشمول اہلیت اور درخواست دینے کے طریقے کے لیے، seniors-housing.alberta.ca ملاحظہ کریں یا البرٹا سپورٹس کو 1-877-644-9992 پر کال کریں*

**پراپرٹی ٹیکس اسسٹنس پروگرام (Property Tax Assistance Program)**

اگر آپ رہائشی جائیداد کی مالکن / کے مالک ہیں جنہیں مالی مشکلات کا سامنا ہے، عمر سے قطع نظر، آپ اپنے پچھلے سال کے پراپرٹی ٹیکس میں اضافے کے کریڈٹ / گرانٹ کے اہل ہو سکتی / سکتے ہیں۔ کریڈٹ / گرانٹ کا اطلاق صرف سال بہ سال ٹیکس میں اضافے پر ہوتا ہے۔ *اہلیت اور درخواست دینے کے طریقے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، calgary.ca/ptap ملاحظہ کریں*

**براہ مہربانی نوٹ کریں:**
**اگرچہ پراپرٹی ٹیکس اسسٹنس پروگرام (Property Tax Assistance Program) میں درخواست دی گئی ہے، آپ کا پراپرٹی ٹیکس مقررہ تاریخ تک مکمل ادا کرنا ضروری ہے، تاکہ تاخیر سے ادائیگی کے جرمانے سے بچ سکیں۔**

**ہمدردانہ پراپرٹی ٹیکس جرمانہ ریلیف پروگرام (Compassionate Property Tax Penalty Relief Program)**

اگر آپ رہائشی جائیداد کی مالکن / کے مالک ہیں اور زندگی کے کسی اہم واقعے کے نتیجے میں مقررہ تاریخ تک ادائیگی کرنے سے قاصر ہیں، تو آپ زیادہ سے زیادہ تین (3) لگاتار پراپرٹی ٹیکس کے جرمانے منسوخ کرنے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ جائیداد کے مالکان جو اس پروگرام کے تعاون کے لیے درخواست دیتے ہیں وہ اپنے پراپرٹی ٹیکس کی ادائیگی کے ذمہ دار ہیں۔ *مزید معلومات کے لیے calgary.ca/propertytax ملاحظہ کریں*